# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:1 | جماعت: پنجم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:3 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:1 | سبق کا نام: نعت رسول مقبول خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَسَلَّمَ | |

**مقاصد:** الفاظ کے معانی پڑھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر/چاک، کٹڈ اُردو جماعت پنجم کی کتاب۔ بچوں کے ناموں کی پرچیاں، ٹوکری، ورک شیٹ

## تحریکی سرگرمی: (10منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- جماعت کے دو گروہ بنالیں۔ دونوں گروہوں کو گروہ الف اور گروہ ب کا نام دیں۔
- دو ٹوکریوں میں جماعت کے دونوں گروہوں کے ناموں کی پرچیاں لکھ کر ڈال دیں۔
- گروہ الف کے ناموں کی پرچیاں گروہ ب کے بچوں کو دے دیں اور گروہ ب کے ناموں کی پرچیاں گروہ الف کو دے دیں۔
- سب سے پہلے گروہ الف کی ٹوکری میں سے ایک پرچی نکالیں۔
- جس بچے کا نام نکلے اس سے کتاب کے صفحہ نمبر 7 پر موجود " نعت " کے اشعار کی پڑھائی کروائیں۔
- اگر بچہ اشعار درست تلفظ لے اور آہنگ سے نہیں پڑھے گا تو باری دوسرے گروہ کے بچوں کو دے دی جائے گی۔
- اس کے بعد گروہ ب کے ناموں کی پرچیوں میں سے ایک پرچی نکالیں اور ان بچوں سے بھی ویسے ہی نعت کے اشعار کی پڑھائی کروائیں۔
- دونوں گروہوں میں سے جس گروہ کے زیادہ بچے اشعار پڑھتے ہوئے درست لب و لہجہ اختیار کریں وہ گروہ یہ مقابلہ جیت جائے گا۔

## تدریسی طریقہ کار: (20منٹ)

- بورڈ پر کتاب کے صفحہ نمبر 8 پر موجود تمام الفاظ لکھ دیں اور جماعت کے تمام بچوں کو چار سے پانچ مرتبہ بلند خوانی کروائیں۔
- الفاظ کے معانی بھی بچوں کو تفصیل سے سمجھا دیں پھر مختلف پرچیوں پر لکھ کر پرچیاں تیار کر لیں۔
- ہر لفظ کی دو پرچیاں تیار کریں۔ جماعت کو دو حصوں میں تقسیم کریں اور ہر گروہ کو تمام الفاظ کی ایک ایک پرچی دے دیں۔
- ان سے کہیں کہ آپس میں بات چیت کریں اور ان الفاظ کے معانی سمجھنے کی کوشش کریں۔
- اس سرگرمی کے لیے انھیں پانچ منٹ کا وقت دیں۔
- بچوں کے بات چیت کرنے کے دوران میں بورڈ پر دو کالم بنالیں۔
- ایک کالم میں صفحہ 8 کے تمام الفاظ لکھ لیں اور دوسرے کالم میں بچوں کی جانب سے آنے والے جوابات لکھیں۔
- دونوں گروہوں کو باری باری الفاظ کے معانی بتانے کا موقع دیں۔
- اگر کوئی گروہ غلط معانی بتائے تو بھی اُس جواب کو بورڈ پر لکھ دیں۔
- جوابات بورڈ پر لکھنے کے بعد کانٹ چھانٹ شروع کریں۔
- درست معانی لکھے رہنے دیں جبکہ غلط معانی مٹا دیں۔
- بچوں کو لفظ کا مطلب سمجھائیں اور پھر درست جواب بورڈ پر لکھ دیں۔

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:1 | جماعت: پنجم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:3 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:1 | سبق کا نام: نعت رسول مقبول خَاتَمُ النَّبِیِّین صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَسَلَّمَ | |

**مقاصد:** الفاظ کے معانی پڑھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر/چاک، کٹز اُردو جماعت پنجم کی کتاب۔ بچوں کے ناموں کی پرچیاں، ٹوکری، ورک شیٹ

## تحریکی سرگرمی: (10منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- جماعت کے دو گروہ بنا لیں۔ دونوں گروہوں کو گروہ الف اور گروہ ب کا نام دیں۔
- دو ٹوکریوں میں جماعت کے دونوں گروہوں کے ناموں کی پرچیاں لکھ کر ڈال دیں۔
- گروہ الف کے ناموں کی پرچیاں گروہ ب کے بچوں کو دے دیں اور گروہ ب کے ناموں کی پرچیاں گروہ الف کو دے دیں۔
- سب سے پہلے گروہ الف کی ٹوکری میں سے ایک پرچی نکالیں۔
- جس بچے کا نام نکلے اس سے کتاب کے صفحہ نمبر 7 پر موجود "نعت" کے اشعار کی پڑھائی کروائیں۔
- اگر بچہ اشعار درست تلفظ لے اور آہنگ سے نہیں پڑھے گا تو باری دوسرے گروہ کے بچوں کو دے دی جائے گی۔
- اس کے بعد گروہ ب کے ناموں کی پرچیوں میں سے ایک پرچی نکالیں اور ان بچوں سے بھی ویسے ہی نعت کے اشعار کی پڑھائی کروائیں۔
- دونوں گروہوں میں سے جس گروہ کے زیادہ بچے اشعار پڑھتے ہوئے درست لب و لہجہ اختیار کریں وہ گروہ یہ مقابلہ جیت جائے گا۔

## تدریسی طریقہ کار: (20منٹ)

- بورڈ پر کتاب کے صفحہ نمبر 8 پر موجود تمام الفاظ لکھ دیں اور جماعت کے تمام بچوں کو چار سے پانچ مرتبہ بلند خوانی کروائیں۔
- الفاظ کے معانی بھی بچوں کو تفصیل سے سمجھا دیں پھر مختلف پرچیوں پر لکھ کر پرچیاں تیار کر لیں۔
- ہر لفظ کی دو پرچیاں تیار کریں۔ جماعت کو دو حصوں میں تقسیم کریں اور ہر گروہ کو تمام الفاظ کی ایک ایک پرچی دے دیں۔
- ان سے کہیں کہ آپس میں بات چیت کریں اور ان الفاظ کے معانی سمجھنے کی کوشش کریں۔
- اس سرگرمی کے لیے انھیں پانچ منٹ کا وقت دیں۔
- بچوں کے بات چیت کرنے کے دوران میں بورڈ پر دو کالم بنا لیں۔
- ایک کالم میں صفحہ 8 کے تمام الفاظ لکھ لیں اور دوسرے کالم میں بچوں کی جانب سے آنے والے جوابات لکھیں۔
- دونوں گروہوں کو باری باری الفاظ کے معانی بتانے کا موقع دیں۔
- اگر کوئی گروہ غلط معانی بتائے تو بھی اُس جواب کو بورڈ پر لکھ دیں۔
- جوابات بورڈ پر لکھنے کے بعد کانٹ چھانٹ شروع کریں۔
- درست معانی لکھے رہنے دیں جبکہ غلط معانی مٹا دیں۔
- بچوں کو لفظ کا مطلب سمجھائیں اور پھر درست جواب بورڈ پر لکھ دیں۔

**اعادہ:** (3منٹ) بچوں کو مختصراً پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کروا دیں۔

**جائزہ:** (5منٹ) بورڈ پر چند الفاظ لکھیں اور متفرق بچوں سے ان کے معانی لکھوائیں۔

**گھر کا کام:** (2منٹ) جماعت میں کروائے گئے کام کی مشق کر کے آنی ہے۔ ورک شیٹ بھی مکمل کر کے لانی ہے۔

## ورک شیٹ

الفاظ کے معانی لکھیں۔

| الفاظ | معانی |
|---|---|
| سنوارا | |
| ذلت | |
| گم رہی | |
| جزاوسزا | |
| ڈھلنا | |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ: 1 | جماعت: چہارم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ: 3 | وقت: 40 | تاریخ: |
| پیریڈ: 2 | سبق کا نام: نعت رسول مقبول خَاتَمُ النَّبِيِّينَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَسَلَّمَ | |

**مقاصد:** سوالات کے جوابات لکھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** تختۂ تحریر، بورڈ مارکر/چاک، کتاب "اردو پنجم"، دو گھنٹیاں، نظم میں سے کوئی سے چھے سوالات کی پرچیاں، گتے کا بنا ہوا پہیا

## تحریکی سرگرمی: (10 منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- اب بچوں کے ساتھ ذہنی آزمائش کا کھیل کھیلیں۔
- بچوں کے دو گروہ بنا دیں۔ ہر گروہ کو ایک ایک گھنٹی دے دیں۔
- نظم "نعت" میں سے چھے سوالات پر مبنی پرچیاں تیار کر لیں اور بند کر کے ایک ڈبے میں ڈال دیں۔
- باری باری ڈبے میں سے پرچیاں نکال کر ان پر لکھے ہوئے سوالات پوچھیں۔
- جس گروہ کے بچے پہلے گھنٹی بجائیں، انھیں جوابات دینے کا موقع دیں۔
- درست جواب پر اس گروہ کو نمبر مل جائیں گے اور غلطی کی صورت میں دوسرے گروہ کو جواب دینے کا موقع دیا جائے گا۔
- ایک سوال کا درست جواب دینے کے دو نمبر ہیں۔ آخر میں جس گروہ کے نمبر زیادہ ہوں گے، وہ جیت جائے گا۔

## تدریسی طریقہ کار: (20 منٹ)

- بچوں کو بتائیں کہ آج ہم پڑھی گئی نعت سے متعلق مختلف سوالات کے جوابات لکھنے کی سرگرمی کریں گے۔
- بچوں کو ایک بار نظم "نعت" کا مطالعہ کرنے کے لیے کہیں۔
- ایک کپ میں چار آئس کریم اسٹکیں رکھ دیں، جن پر چار مختلف رنگوں کی چٹیں چسپاں ہوں اور ان پر تفہیم میں پوچھے گئے پہلے چار سوالات لکھے ہوں۔
- دوسرے کپ میں چار آئس کریم اسٹکیں رکھ دیں جن پر انھی رنگوں سے 1 تا 4 نمبر لکھے ہوں جو دوسرے کپ میں رکھی ہوئی آئس کریم اسٹکوں پر لگی ہوئی چٹوں کے لیے استعمال کیے ہوں۔
- بچوں کے چار گروہ بنا دیں اور ہر گروہ کا ایک لیڈر بھی نامزد کر دیں۔
- اب کسی ایک گروہ کے لیڈر کو بلائیں۔ اسے کہیں کہ وہ آنکھیں بند کر کے نمبروں والی اسٹکوں میں سے کوئی اسٹک اٹھا لے اور پھر دوسرے کپ میں سے اسی رنگ کی آئس کریم اسٹک تلاش کر کے نکالے، جس رنگ کا نمبر اس کے پاس آیا ہے۔
- اس طرح سے یہ سرگرمی باقی گروہوں سے بھی کروائیں۔
- اب ہر گروہ سے کہیں کہ وہ آئس کریم اسٹک پر لکھا ہوا سوال پڑھیں اور اس سوال کا جواب سوچیں۔
- اس کے لیے انھیں تھوڑا وقت دیں۔ اس دوران میں بورڈ پر چاروں سوالات لکھ کر ان کے نیچے جوابات لکھنے کی جگہ خالی چھوڑ دیں۔

| |
|---|
| • مقررہ وقت کے بعد ہر گروہ میں سے ایک ایک بچے کو بلا کر ان سے کہیں کہ ان کے پاس جس سوال کی اسٹک آئی ہے، وہ سوال بورڈ پر تلاش کر کے اس کے نیچے اس سوال کا جواب لکھے۔<br>• درست جواب لکھنے والے گروہ کے لیے تالیاں بجوا کر ان کی حوصلہ افزائی کریں۔<br>• اب بچوں سے کہیں کہ وہ اپنی کاپیاں کھولیں اور تفہیم کے سوال نمبر 1 میں دیے گئے پہلے چار سوالات کے جوابات بورڈ سے دیکھ کر اپنی کاپیوں میں لکھیں۔ |
| **اعادہ:** (3 منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کرائیں اور اصلاح کریں۔ |
| **جائزہ:** (5 منٹ) بورڈ پر سوالات لکھ دیں۔ باری باری مختلف بچوں کو بلا کر ان سے ان سوالات کے جوابات لکھوائیں۔ غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔ |
| **گھر کا کام:** (2 منٹ) جماعت کا کام دہرائیں۔ |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:1 | جماعت: پنجم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:3 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:3 | سبق کا نام: نعت رسول مقبول خَاتَمُ النَّبِيِّينَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَسَلَّمَ | |

**مقاصد:** مصرعے مکمل کر سکیں۔
کالم ملا کر اشعار مکمل کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر/چاک، کٹڈ اُردو جماعت پنجم کی کتاب، مصرعوں پر مشتمل پرچیاں، الفاظ کی پرچیاں

## تحریکی سرگرمی: (10 منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- بچوں کو بتائیں آج سبق کا آغاز ایک دلچسپ سرگرمی سے کریں گے۔
- اس مقصد کے لیے بچوں کو نظم 'نعت' کا خاموش مطالعہ کرنے کے لیے کہیں۔
- بچوں کے چار گروہ بنا دیں۔
- ہر گروہ کو سوال نمبر2 میں دیے گئے مصرعوں پر مشتمل پرچیاں دیں جن پر الفاظ لکھنے کی جگہ ہو۔
- اس کے علاوہ ہر گروہ کو مصرع پُر کرنے کے لیے دو دو لفظوں کی پرچیاں بھی دیں۔
- جس میں ایک لفظ درست یعنی نظم کے مطابق اور دوسرا غیر متعلقہ ہو۔
- بچوں سے کہیں کہ پرچی پر لکھا مصرع پڑھیں اور ساتھ دیے گئے الفاظ بھی کھول کر دیکھیں اور درست لفظ چن کر پرچی میں دی گئی جگہ پُر کریں۔
- اب باری باری ہر گروہ کے لیڈر کو بلائیں اور اسے جماعت کے سامنے تفویض کردہ مصرع پڑھنے کو کہیں۔
- درست سرگرمی کرنے والے گروہ کے لیے تالیاں بجوائیں۔

## تدریسی طریقہ کار: (20 منٹ)

- سوال نمبر3 کے تحت دیے گئے مصرعوں کی پرچیاں اس طرح بنالیں کہ ایک طرف کالم الف میں دیا ہوا کوئی مصرع لکھیں۔
- اب بچوں سے خاموشی سے نعت کا مطالعہ کروائیں۔
- اب بچوں کو پرچیاں دیں اور ہدایت دیں کہ لکھا ہوا مصرع پڑھیں اور مصرع مکمل کریں۔
- اس کام کے لیے انھیں وقت دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد ایک مصرع پڑھیں متعلقہ مصرعے والا بچہ بورڈ پر آئے اور مصرع کا مفہوم جماعت کے سامنے سنائے۔
- اسی طرح یہ سرگرمی باقی گروہوں سے دوسرے مصرعوں پر کروائیں۔
- اس کے بعد بچوں کو ہدایت دیں کہ کتاب پر کالم الف کو متعلقہ کالم ب سے ملا کر اشعار مکمل کریں۔
- اس دوران جماعت میں گھوم کر جائزہ لیں کہ بچے درست کام کر رہے ہیں۔

| |
|---|
| **اعادہ:** (3 منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کروائیں۔ |
| **جائزہ:** (5 منٹ) بورڈ پر کالم بنا کر متفرق بچوں سے اشعار مکمل کروائیں۔ |
| **گھر کا کام:** (2 منٹ) جماعت میں کیا گیا کام دہرائیں۔ |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ: 1 | جماعت: پنجم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ: 3 | وقت: 40 | تاریخ: |
| پیریڈ: 4 | سبق کا نام: نعت رسول مقبول خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَسَلَّمَ | |

**مقاصد:** نعت مبارکہ سن کر نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَسَلَّمَ کی خصوصیات بیان کر سکیں۔

ہم آواز الفاظ لکھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر/چاک، کٹڈز اُردو جماعت پنجم کی کتاب

## تحریکی سرگرمی: (10 منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- سوال نمبر 4 کی سرگرمی کے لیے بچوں سے نعت کا خاموش مطالعہ کروائیں۔
- نمونے کے طور پر پہلے خود بلند خوانی کریں پھر انھیں خاموشی سے مطالعہ کرنے کے لیے کہیں۔
- بچوں کو ہدایت دیں کہ ہر شعر کو اس دھیان سے پڑھیں کہ اس کا مفہوم اچھی طرح سمجھ آجائے۔
- بچوں کو بتائیں اللہ تعالیٰ نے حضرت محمد خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَسَلَّمَ پر قرآن پاک نازل کیا۔ آپ خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَسَلَّمَ نے ذلّت اور گمراہی میں ڈوبی قوم کو نیکی کا راستہ دکھایا اور برائیوں سے بچایا۔
- آپ خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَسَلَّمَ نے بتایا کہ دنیا میں کرنے والے تمام اعمال کا بدلہ آخرت کے دن یعنی قیامت کے دن ملے گا۔
- اس کے متفرق بچوں سے نعت کا مفہوم پوچھیں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

## تدریسی طریقہ کار: (20 منٹ)

- سوال نمبر 6 کی سرگرمی کے لیے بچوں سے ہم آواز الفاظ کی تعریف سنیں۔ اور ان کے جوابات کی حوصلہ افزائی کریں۔
- بچوں کو بتائیں ملتی جلتی آوازوں والے الفاظ ہم آواز الفاظ کہلاتے ہیں جیسے پیارا، اُتار، نیارا۔
- اب بورڈ پر نعت میں دیے گئے ہم آواز الفاظ لکھیں۔

| | |
|---|---|
| سنوارا | ہمارا |

- بچوں سے ان الفاظ کی خواندگی کروائیں۔
- بچوں کے گروہ بنائیں انھیں الفاظ پکارا، سنبھالا، عاقبت کنارا کی پرچیاں دیں اور ہدایت دیں کہ ان الفاظ کے ہم آواز الفاظ بنائیں۔
- اس کام کے لیے انھیں وقت دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد ہر گروہ میں سے ایک بچے کو بلائیں اور اس سے بورڈ پر الفاظ اور بنائے گئے ہم الفاظ لکھوائیں۔
- باقی گروہوں سے بچوں کو بلا کر بھی ایسے ہی سرگرمی کروائیں۔
- آخر میں الفاظ کی کانٹ چھانٹ کریں اور درست ہم آواز الفاظ کو بورڈ پر خود لکھیں۔
- بچوں کو ہدایت دیں کہ وہ ان الفاظ کو کتاب میں لکھ کر کتاب کا کام مکمل کریں۔

**اعادہ:** (3 منٹ) پڑھائے گئے سبق کا مختصراً اعادہ کروائیں۔

**جائزہ:** (5منٹ) سوال نمبر 6 بچوں سے کاپیوں پر لکھوائیں۔

**گھر کا کام:** (2منٹ) ورک شیٹ مکمل کر کے لانی ہے۔

## ورک شیٹ

(الف) دیے گئے اشعار کا مفہوم لکھیں۔

بے رنگ تھے حالات اگر آپ خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَسَلَّمَ نہ آتے۔
بنتی نہ کبھی بات، اگر آپ خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَسَلَّمَ نہ آتے

____________________________________________________________________________________________________________________________________________________________________________________________________________________________________________________

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:1 | جماعت: پنجم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ: 3 | وقت: 40 | تاریخ: |
| پیریڈ: 5 | سبق کا نام: نعت رسول مقبول خَاتَمُ النَّبِیِّیْن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَسَلَّمَ | |

**مقاصد:** جمع کو واحد اور واحد کو جمع میں تبدیل کر سکیں۔

اسم معرفہ اور اسم نکرہ کا درست استعمال کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر/چاک، کٹڈ زاُردو جماعت پنجم کی کتاب، جملوں پر مشتمل پرچیاں

## تحریکی سرگرمی: (10 منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- بچوں سے واحد جمع کا تصور پوچھیں۔
- انھیں بتائیں ایسا لفظ جو ایک چیز کے نام کو ظاہر کرے، واحد کہلاتا ہے۔

جبکہ وہ لفظ جو ایک سے زیادہ چیزوں کے ناموں کو ظاہر کرے، جمع کہلاتا ہے۔

- سوال نمبر 8 کی سرگرمی کے لیے کتاب کا صفحہ نمبر 10 کھلوائیں۔
- بچوں سے دیے گئے الفاظ کی بلند خوانی کروائیں۔
- ان سے کہیں دیے گئے پہلے سیٹ میں تینوں الفاظ میں سے واحد لفظ کی نشان دہی کریں۔ درست جواب پر ان کی حوصلہ افزائی کریں۔
- اسی طرح باقی چاروں سیٹ میں بھی واحد الفاظ کی نشان دہی کروا کر ان کے گرد دائرہ لگوائیں۔

## تدریسی طریقہ کار: (20 منٹ)

- بچوں کو بتائیں آج وہ اسم معرفہ اور اسم نکرہ کے تصور کی دہرائی کریں گے۔
- انھیں بتائیں اسم کی معنوں کے لحاظ سے دو قسمیں ہیں:

اسم معرفہ اسم نکرہ

- اسم معرفہ کے بارے میں بتائیں وہ اسم جو کسی خاص شخص جگہ یا چیز کے نام کو ظاہر کرے مثلاً مسجد الحرام، پاکستان، علامہ اقبال۔

جبکہ اسم نکرہ وہ اسم ہے جو کسی عام شخص، جگہ یا چیز کے نام کو ظاہر کرے اسے اسم عام بھی کہتے ہیں۔ مثلاً مسجد، قلم، دریا وغیرہ۔

- تصور کی وضاحت کے بعد سوال نمبر 9 میں دیے گئے جملوں کی دو، دو پرچیاں بچوں کے تین گروہ بنا کر ان میں تقسیم کریں۔
- اب انھیں ہدایت دیں کہ پرچی کھول کر جملے پڑھیں اور اسم نکرہ یا اسم معرفہ کی پہچان کر کے ان کے گرد دائرہ لگائیں۔
- اس کام کے لیے انھیں وقت دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد ہر گروہ سے ایک بچے کو بلائیں اسے بورڈ پر دونوں جملے لکھنے اور ان میں موجود اسم معرفہ یا نکرہ کی نشاندہی کرنے کے لیے کہیں۔
- اسی طرح باقی گروہوں سے بھی بچوں کو بورڈ پر بلا کر سرگرمی مکمل کروائیں۔
- درست جواب دینے والے گروہ کے لیے تالیاں بجوائیں۔

| |
|---|
| **اعادہ:** (3منٹ) پڑھائے گئے سبق کا مختصراً اعادہ کروائیں۔ |
| **جائزہ:** (5منٹ) بورڈ پر چند الفاظ لکھیں اور متفرق بچوں کو بلا کر ان سے اسم معرفہ اور اسم نکرہ کی پہچان کروائیں۔ |
| **گھر کا کام:** (2منٹ) جماعت میں کیے گئے کام کی مشق کر کے آنی ہے۔ |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:1 | جماعت: پنجم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:3 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:6 | سبق کا نام: نعت رسول مقبول خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَسَلَّمَ | |

**مقاصد:** نظم کو نثر میں تبدیل کر سکیں۔

اشاروں کی مدد سے جملے لکھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر/چاک، کڈز اُردو جماعت پنجم کی کتاب

**تحریکی سرگرمی:** (10 منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- جماعت کو دو گروہوں میں تقسیم کریں اور ہر گروہ کو ایک مخصوص نام دیں۔
- ایک بار انھیں خاموشی سے نظم 'نعت' کا مطالعہ کرنے کے لیے کہیں۔
- ان سے کہیں نعت کا مطالعہ کرتے ہوئے جو اہم نکات ان کے ذہن میں آئیں انھیں اپنے ساتھ والی نشست پر بیٹھے ساتھی کو سنائیں۔
- اس کے بعد متفرق بچوں کو بلا کر اہم نکات سنانے کے لیے کہیں۔
- سرگرمی کے اختتام پر بچوں کو شاباش دیں۔
- بچوں کو بتائیں آج ہم نظم کو نثر میں تبدیل کریں گے۔
- نعت کے کسی ایک مصرعے کی نثر بطور مثال استاد خود بنا کر دکھائیں۔
- مصرع: جس نے ہمیں سکھایا، نیکی کی رہ پہ چلنا
- نثر: جس نے ہمیں نیکی کی راہ پر چلنا سکھایا
- اب بچوں کے گروہ بنائیں اور ہر گروہ کو اشعار تفویض کریں اور انھیں ان کی نثر بنانے کے لیے کہیں۔
- انفرادی طور پر بچوں کے کام چیک کریں اور غلطیوں کی اصلاح کریں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (25 منٹ)

- سوال نمبر 11 میں دیے گئے اشاروں کو بورڈ پر لکھیں۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| مکہ مکرمہ | غارِ حرا | قرآن مجید | خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَسَلَّمَ | نبوت |

- بچوں سے کہیں ان اشاروں کو غور سے دیکھیں اور بتائیں کہ یہ کن شخصیت سے متعلق ہیں؟
- جو بچہ سب سے پہلے ہاتھ کھڑا کرے گا، اسے بتانے کا موقع دیا جائے گا۔
- درست جواب پر اس کے لیے تالیاں بجوائیں۔
- اب جماعت کو تین گروہوں میں تقسیم کریں اور انھیں ایک ایک خالی شیٹ دیں۔

| |
|---|
| • مقررہ وقت کے بعد ہر گروہ سے لیڈر کو بلائیں اور انھیں جماعت کے سامنے اپنے لکھے جملے سنانے کے لیے کہیں۔<br>• ساتھ ساتھ ان جملوں کو بورڈ پر لکھتے جائیں۔<br>• بورڈ پر گروہ 2، 1 اور 3 کے تین کالمز بنائیں اور تینوں گروہوں کے لکھنے جملے لکھیں۔<br>• آخر میں جملوں کی تصحیح کریں اور رہ جانے والے درست جملوں کو بچوں کی کاپیوں پر لکھوائیں۔ |
| **اعادہ:** (3 منٹ) پڑھائے گئے سبق کا مختصراً اعادہ کروائیں۔ |
| **جائزہ:** (5 منٹ) نعت میں سے چند الفاظ بورڈ پر لکھیں اور متفرق بچوں سے ان کے بارے میں ایک ایک جملہ بولنے کے لیے کہیں۔ |
| **گھر کا کام:** (2 منٹ) جماعت میں کیا گیا کام دہرائیں۔ |